میوزک : حسن لال بھگت رام

این سی فلمز کا

मिस बाम्बे

مس بمبئی

156

کی کہانی اور گانے

اداکاران

نلنی جیونت۔ اجیت

رحمان۔ تیواڑی

رمیش ٹھاکر۔ بھگوان

وی جے لکشمی

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

سلوری زنانۂ ہندوستان کی بیٹی ہے جو مردوں کے شانہ بشانہ کام کرتی ہے۔ وہ ایک ایڈورٹش ایجنٹ ہے وہ جگہ جگہ لوگوں کی زندگی کا جائزہ کرتی ہے۔ اس کام کے سلسلے میں اس کی ملاقات وجے سے ہو جاتی ہے جو ایک موٹر وین میں چلتی پھرتی دکان لئے گلی گلی گراہکوں کے پاس اپنا مال فروخت کرتا ہے۔

آگے پردہ پر دیکھیں ——

مس بمبئی کے گانے

گانا نمبر ۱

رفیع

لے چل جدھر یہ دل نکل پڑے
ہم جائیں جدھر زمانہ چل پڑے
جو ساتھ وقت کے چلا وہ مرد ہے
جو رہ گیا وہ راستے کی گرد ہے —— لے چل..
صبح شام کام ہی سے کام ہے
یہی تو ہے نصیب جس کا نام ہے
محنت کئے جاؤ تقدیر بدل جائے گی
آج نہ سہی تو کل صبح آئے گی —— لے چل..
موتی بھی ملے تو تم نہ بھیک لو
ہاتھوں سے کما کے جینا سیکھ لو
مٹھی میں تمہاری چھپا ہوا جہان ہے
مٹی سونا ہو تمہارے ہاتھوں میں وہ جان ہے —— لے چل

او جینے والے زندگی کا لطف سن

آرام ہے حرام یہ آواز سن

یہ راز گو نہ جانا تو زندگانی بن گئی

ورنہ جینے مرنے کی یوں ہی کہانی بن گئی — ے چل...

گانا نمبر ۳

لڑکا۔ اونچی ایڑی ہے مانگ ٹیڑھی ٹیڑھی ہے

دوپٹہ رنگدار کر کے ہائے دوپٹہ رنگدار کر کے

باتوں باتوں میں لیا دل ہائے ہیں

نخرے ہزار کر کے ہائے نخرے ہزار کر کے

لڑکی:۔ میں تو چلی میرا تم سے کیا واسطہ

لڑکا:۔ کہاں چلی چلی چلی کہاں چلی چلی چلی

لڑکی:۔ تم کون ہو جو بدلو میرا راستہ

لڑکا:۔ اجی ہم تیرے دیوانے تو جانے یا نہ جانے

گیا تیر تیرا سینے کو پار کر کے — اونچی ایڑی...

لڑکی:۔ کہاں ڈھونڈو گے جو کہیں چھپ جاؤں گی

لڑکا:۔ اے جی گلی گلی ڈھونڈوں گلی گلی

لڑکی:۔ تڑپا تڑپا کے میں تم کو جلاؤں گی

لڑکا:۔ اے جی ہم تیرے پروانے ہم جلنا بھی جانیں

تجھے بیٹھے دل میں دل کو نثار کر کے — اونچی...

لڑکی:۔ دیکھو چھیڑو گے تو شور مچاؤں گی

لڑکا:۔ چپ بلی بلی بلی چپ بلی بلی بلی

لڑکی:۔ خود بیٹیوں گی لوگوں سے پٹواؤں گی
لڑکا:۔ دیکھو ہو گی بدنامی سنو سنو دل کی رانی
چین ملتا ہے دنیا میں پیار کر کے ۔ اُدھی ۔۔

گانا ۳

اس کی ٹوپی اُس کے سر اُس کی ٹوپی اِس کے
یوں ہی چلے دنیا کا دھندا بیچ ہے پتے کس کے
اس کی ٹوپی ...
اے دل والو اے متوالو عیش اُڑا لو
دنیا اِک بازی ہے تم بھی داؤ لگا لو
یوں ہی چلے دنیا ..... اس کی ٹوپی .....
جو کٹ جائے وقت خوشی سے وہ ہی اچھا
جو ہو پیسہ جیب میں اپنی وہ ہی سچا
یوں ہی چلے دنیا ... اس کی ٹوپی ...

گانا نمبر ۵

لڑکا:۔ دنیا یہ کہتی ہے
میری قسمت میں لکھی وہ جو میٹھی بیٹھی ہے
لڑکی:۔ میرا دل یہ کہتا
دن کو سپنا دیکھے جو آگے بیٹھا ہے
لڑکا:۔ یہ سپنا نہیں ظالم
ہمیں بھی پیار ہو گیا تو کہہ دے مجھے بالم
لڑکی:۔ جب ہمکو نہ پاؤ گے

چھپ چھپ کے پلکوں نے تم اشک بہاؤ گے

لڑکا:۔ اب دل میں یہ ٹھانی ہے
یا تجھے پانا ہے یا جان گنوانی ہے

لڑکی:۔ میں شور مچا دونگی
چُپ نہ رہا جو تو میں قید کرا دوں گی

لڑکا:۔ کہہ دو اس کافر کو
گوری گوری باہوں میں کر قید مسافر کو

لڑکی:۔ تو روک کٹھارے کو
لٹھ کر ماروں گی تیرے سہارے کو

لڑکا:۔ میرا بولے دل گوری
روز جلاتی ہو کبھی ہنس کے بھی مِل گوری

گانا نمبر ۵

دن ہو یا رات ہم رہیں تیرے ساتھ یہ ہماری مرضی
تمہاری مرضی جی ہماری مرضی
تمہاری تو ہماری بھی یہی ہے مرضی
تو ڈور میں پتنگ اڑوں تیرے سنگ سنگ
تو ہے پھول تو میں رنگ رہوں تیرے سنگ سنگ
رنگ ڈارو اس رنگ میں ہمارا انگ انگ
یہ تمہاری مرضی جی ہماری مرضی — مرضی تمہاری تو۔۔
پکے آؤں میں بارات چاہوں مہندی والے ہاتھ
میں تو مکھ سے نہ بولوں چلی چلوں تیرے ساتھ

نت نت چندا سے چکوری کرے ملاقات
یہ تمہاری مرضی جی ہماری مرضی — تمہاری تو..
اِک بنگلہ ہو پیارا ساری دُنیا سے نیارا
جس کی چاندی کی دیواریں اور سونے کا ہو دوارا
اِسکے انگنا میں آکے بھول جاؤں جگ سارا — یہ تمہاری..

گانا نمبر ۵

ہمکو نہ دیکھو جانی ہنس کے مارو نشانہ کس کے
میری شرابی آنکھیں میری سلونی باہیں
پیار کا گھیرا ڈالے جیت لے جسکو چاہیں
آجا چھڑا دیں سارے چسکے — مارو نشانہ..

گوند نہیں ہے بابو دیکھو یہ میرا دل ہے
اس پہ پانا قابو ہائے بڑی مشکل ہے
اب ہم نہیں ہیں تیرے بس کے داؤ لگانا ذرا کس کے
ہمکو نہ دیکھو...
دیکھ چکے ہیں ہم کو لاکھوں تمہارے جیسے
اُلجھی ہوئی ہے بازی جیت سکو گے کیسے
ہار نہ جانا کہیں پھنس کے — مارو کس کے..

گانا نمبر ٦

ہو جی ہو جی ہو جی ہو جی ہو ہو ہو ہو
ہو میری ایک نظر کے دو دو اثر
ہو کوئی بگڑ گیا کوئی سنور گیا

کہیں جھوم کے برسا پیار میرا
کہیں آگ لگا کے گزر گیا ـــــ گزر ـ موجی ..
تتلی کے پنکھ جیسا نازک ہے انگ میرا
شاخوں میں لوچ میرا پھولوں میں رنگ میرا
میرے روپ کے گہرے ساگر میں کوئی ڈوب گیا کوئی اُبھر گیا ـ موجی ..
مجھ پہ لٹا ئے کوئی تارے گگن کے
سڑکوں پہ ڈولے کوئی آوارہ بن کے
کوئی من میں لیا نینوں میں بسا کوئی اپنا بنا اور بسر گیا ـ موجی ..
گانا ۹ ـ
بدلا تو ایسا بدلا تجھ رنگ گلستاں
اِک پھول پہ بہار ہے اِک پھول پہ کھلا
زندگی بھر غم جدائی کا مجھے تڑپائیگا
ہر موسم بہار ائی یاد لے کر آئے گا
ہیں وہی راہیں وہی گلیاں مگر سنسان ہیں
تو نہیں تو دل کی ساری بستیاں ویران ہیں
دل میں ہو جو غم تیرا وہ جان لیکر جائے گا ـــ زندگی ...
ہو مبارک تجھ کو خوشیاں اور مجھے رسوائیاں
تجھ کو تیرا گھر سلامت اور مجھے رسوائیاں
مرتے مرتے بھی تیرا ہی نام لب پہ آئیگا
زندگی بھر .. ـ
ختم شد